تعارف وتبصرۂ کتب

- تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔
- ادارہ تبصرہ کرنے کا پابند نہیں۔ اس لئے جلد تبصرہ کرنے پر اصرار نہ کیا جائے۔
- تبصرہ نگار کا پوری کتاب سے اتفاق ضروری نہیں تبصرہ کی حیثیت سرسری تعارف کی ہے۔

ذکرِ الٰہی

از شاہ مسیح اللہ شروانی مدظلہٗ۔ صفحات ۹۶۔ قیمت ‎-/۵‎ روپیہ
ناشر مجلس صیانۃ المسلمین ۶۹ مال روڈ۔ لاہور

ذکرِ الٰہی اطمینانِ قلب، سرخروئی دارین اور بقائے عالم کا ذریعہ ہے، حضرت شاہ مسیح اللہ صاحب خلیفہ حضرت حکیم الامت تھانویؒ نے اپنے ایک وعظ میں بہت دلنشین اور اپنے مرشد مرحوم جیسے حکیمانہ رنگ میں ذکر وفکر کی فضیلت واہمیت پر روشنی ڈالی ہے اثنائے تقریر میں تزکیہ نفس اور تصوف وحکمت سے متعلق اور بھی کئی اہم نکات ولطائف آگئے ہیں۔ کتاب کی پوری حلاوت تو مطالعہ ہی سے ہوسکتی ہے۔ آخر میں شاہ صاحب مدظلہٗ کے چند نصائح بھی شامل کئے گئے ہیں۔ کتاب کی ظاہری رعنائی بھی مکتبہ امداد العلوم کی دیگر مطبوعات کی طرح ہے۔

قبولیّتِ دُعا اور اسکے طریقے

از مولانا محمد ادریس الانصاری، قیمت ‎-/۵/۲‎ روپے
صفحات ۱۱۲۔ ناشر ادارۂ تبلیغ الاسلام۔ صادق آباد۔

دعا مغزِ عبادت اور حصولِ مرضیاتِ الٰہی کا ذریعہ ہے۔ مؤلف محترم نے قبولیّت دعا اور اس کے آداب اور طریقوں کو مختصراً ذکر کرنے کے بعد معمولات مشائخ کے عنوان سے حضرت خواجہ اجمیریؒ، شیخ شرف الدین یحیٰی منیری، خواجہ عثمان دامانیؒ، شاہ عبدالعزیزؒ۔ مولانا محمد الیاسؒ اور پھر خود اپنے مرشد ومربی شیخ طریقت مولانا عبدالغفور عباسی المدنی دامت برکاتہم کے معمولات اشغال اور وظائف کو جمع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یاد اور ذکر کسی ایک طریقہ میں منحصر نہیں، پھر بھی اکابر اولیاء اللہ کے آزمودہ اوراد و وظائف کا موجب خیر وبرکت ہونا ایک حقیقت ہے۔ اس لئے یہ کتاب رضائے مولیٰ حاصل کرنے اور ذکر واذکار میں کوشاں خدا کے بندوں کیلئے عموماً اور موخر الذکر بزرگ حضرت مولانا العباسی مدظلہٗ کے متوسلین کے لئے خصوصاً نعمت